# سوال

(961) ''الاعتصام ''کی اشاعت میں آپ کے کالم ''احکام ومسائل ''میں تعطل کی کیا وجہ ہے ؟

# جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

''الاعتصام ''کی اشاعت میں آپ کے کالم ''احکام ومسائل ''میں تعطل کیوں واقع ہوتا ہے ؟

---

## الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

معزز قارئین ہفت روزہ ''الاعتصام '' لاہور، ہم شدت سے محسوس کرتے ہیں کہ بعض دفعہ اشاعت فتویٰ میں تعطل کی وجہ سے آپ کے ساتھ رابطہ میں انقطاع پیدا ہوجاتا ہے، اس کی بنیادی وجہ بیرونی دورے ہیں۔ بالخصوص دولت کویت میں وزارت شئون اسلامیہ کی نگرانی میں ایک عرصہ سے حدیث کی مشہور سات کتابوں کا سماع شروع ہے۔ مختلف ممالک اسلامیہ اور فرانس وغیرہ سے سینکڑوں خواتین وحضرات اس میں شرکت کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ اس سے قبل صحیح بخاری، صحیح مسلم، جامع ترمذی کا سماع بتوفیق اللہ تعالیٰ مکمل ہوچکا ہے۔ آئندہ فروری کے اواخر میں ''سنن ابی داوٗد'' اور ''سنن ابن ماجہ'' کے سماع کا پروگرام ہے۔ (ان شاء اللہ) دراصل مروّجہ اندازتدریس کا مقصود محدثین کرام کے طریقہ تحدیث کو زندہ کرکے ''اجازۃ الروایات''کا حصول ہے جو سلسلہ واسطہ درواسطہ رسول اللہ ﷺ تک پہنچتا ہے۔

اللہ رب العزت نے اس عظیم نعمت سے بالخصوص پاک وہند کے بہت سارے علماء کو نوازا ہے جن کے اصل حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ ہیں اور بعد میں شیخ الکل سید نذیر حسین دہلوی رحمہ اللہ ہیں۔ زمانہ دراز سے یہ سلسلہ متروک تھا دوبارہ اس میں روح پھونکنے کی سعی کی جارہی ہے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے وزارت کویت کو جو اس مادی دور میں اسلام کی سربلندی کےلیے کوشاں ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس دورہ کے اثرات کئی ایک علاقوں میں محسوس ہونے لگے ہیں۔ سابقہ مجلس میں سعودی عرب کے معالی (اعلیٰ) وزیر ترکی اور قطر کے ایک اہم عہدہ دارنے شرکت کرکے بہترین تاثرات کا اظہار فرمایا کہ ایسی مبارک مجالس کا انعقاد ہم بھی اپنے ہاں کریں گے جب کہ دولت بحرین تیاری کے مراحل میں ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**جلد:3، ثناء اللہ مدنی سے چند سوالات: صفحہ:659**

محدث فتویٰ